# ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ڈیرہ غازیخان

## تاریخ ووقت نامہ برائے انٹر میڈیٹ (پارٹ سیکنڈ) 12th کلاس اسپیشل امتحان 2021ء

<u>ضروری ہدایات برائے امیدواران وسپروائزری سٹاف:-</u> (1) فرسٹ ٹائم کا پرچہ 08:30 بجے صبح اور سیکنڈ ٹائم کا پرچہ 01:30 بجے دوپہر ہوگا جبکہ جمعۃ المبارک کے دن سیکنڈ ٹائم کا پرچہ 02:30 بجے شروع ہوگا (2) جملہ امیدوارن ہر پرچہ کے آغاز سے آدھا گھنٹہ قبل اپنی موجودگی سنٹر میں ہر صورت یقینی بنائیں گے یعنی صبح 08:00 بجے دوپہر 01:00 بجے جبکہ بروز جمعہ 02:00 بجے دوپہر سنٹر میں حاضر ہونگے بصورت دیگر انہیں سنٹر میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ نیز ہر پرچہ کے آغاز میں نگران عملہ امیدوارن کو امتحانی پرچہ کے مقررہ وقت سے آگاہ کرے گا۔ (3) امیدواران کو رولنمبر سلپس پر پرنٹ شدہ ڈیٹ شیٹ کے مطابق امتحان دینا ہوگا۔(4) امیدوار نے جس وقت اور جس سنٹر میں امتحان دینا ہے وہ وقت اور امتحانی سنٹر اس کی رولنمبر سلپ پر درج ہوگا۔ امیدواران کو کسی اور وقت یا سنٹر میں امتحان دینے کی قطعاً اجازت نہ ہوگی۔ (5) دوران امتحان کسی بھی مقامی چھٹی کا اعلان ڈیٹ شیٹ پر ہر گز اثر انداز نہ ہوگا اور امتحان ڈیٹ شیٹ میں درج شدہ تاریخوں کے مطابق ہی ہوگا۔(6) امیدوار پر لازم ہے کہ وہ اپنی رولنمبر سلپ روزانہ کمرہ امتحان میں اپنے ہمراہ لائے بصورت دیگر اسے امتحان میں شرکت کی اجازت نہ دی جائے گی۔ (7) امیدوار نہ صرف اس امر کی تسلی کرلے کہ اس کی رولنمبر سلپ پر درج تھیوری کے مضامین کی تواریخ، اوقات درست ہیں بلکہ ان سب کا موازنہ سنٹر میں موجود تفصیلی ڈیٹ شیٹ سے بھی اچھی طرح کرلے تاکہ کسی غلطی کی صورت میں امیدوار کو کسی پریشانی/نقصان کا سامنا نہ کرنا پڑے۔(8) انٹر میڈیٹ اسپیشل امتحان 2021 میں کسی بھی پرچہ/پرچہ جات کا کوئی پریکٹیکل امتحان نہیں ہوگا۔ (9) اگر کوئی امیدوار کسی بھی وجہ سے کمرہ امتحان احتجاجاً چھوڑے گا تو کسی بھی صورت میں اس پرچہ/مضمون میں اس کا دوبارہ امتحان نہیں لیا جائے گا۔(10) امتحانی سنٹر کی حدود (100 گز) میں موبائل فون کے استعمال کی اجازت نہ ہے۔(11) جملہ امیدواران کا امتحان ALP (ACCELERATED LEARNING PROGRAMME) کے مطابق ہوگا۔

<u>سوالیہ پرچہ جات کے ماڈل پیپرز میں کسی قسم کی کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ لہٰذا سوالیہ پرچہ جات سابقہ پیٹرن کے مطابق ہی ہوں گے۔</u>

(12) معروضی اور انشائیہ پرچہ پر مقررہ وقت کا اندراج کر دیا گیا ہے۔ جس کے مطابق پرچہ کا اختتام ہوگا۔(13) امیدواران اور امتحان سے متعلقہ جملہ سپروائزری سٹاف COVID-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے حکومت پنجاب پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ (لاہور) کی طرف سے جاری کردہ تمام SOPs پر عملی طور پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں گے۔(14) امیدواران امتحانی سنٹر میں داخلے کے وقت ایک دوسرے سے مناسب فاصلہ رکھیں۔ آپس میں مصافحہ نہ کریں نیز ماسک کے بغیر امتحانی سنٹر میں داخلہ ممنوع ہوگا۔(15) امتحانی عملہ سے بدکلامی اور کسی دوسرے امیدوار کی جگہ امتحان دینا/دلوانا (تلبیس شخصی/Impersonation) نہایت سنگین جرائم ہیں ان سے اجتناب کریں۔

Result.pk

## PART-SECOND (12th Class)

| DATE AND DAY | SUBJECTS<br>MORNING SESSION WILL START AT 8:30 AM | PAPER | SUBJECTS<br>EVENING SESSION WILL START AT 1:30 PM<br>FOR FRIDAY 02:30 P.M | PAPER |
|---|---|---|---|---|
| 27-11-2021<br>Saturday | Economics | II | 1.Sociology<br>2. Fine Arts | II |
| 29-11-2021<br>Monday | 1.Biology<br>2. Library Science | II | Mathematics | II |
| 30-11-2021<br>Tuesday | 1.Civics<br>2. Banking (Commerce Group)<br>3. Computer Studies (Commerce Group) | II | Geography | II |
| 01-12-2021<br>Wednesday | 1. Education<br>2. Commercial Geography (Commerce Group) | II | Computer Science | II |
| 02-12-2021<br>Thursday | 1. Chemistry<br>2. History (History Of Islam)<br>3. History (History Of Islamic Hind)<br>4. History (History Of Pakistan )<br>5. History (History Of Jadeed Dunya Islam) | II<br>II (i)<br>II (ii)<br>II (iii)<br>II (iv) | 1. Punjabi<br>2. Arabic<br>3. Persian<br>4. Saraiki<br>5. English (Elective)<br>6. Urdu (Advanced) | II |
| 03-12-2021<br>Friday | 1.Psychology<br>2 Business Statistics (Commerce Group). | II | Statistics<br>Note: Evening paper will start at 2:30 PM | II |
| 04-12-2021<br>Saturday | Islamic Studies (Elective) | II | Out Lines of Home Economics | II |
| 06-12-2021<br>Monday | 1. Physics<br>2. Philosophy<br>3. Principles of Accounting (Commerce Group) | II | Health & Physical Education | II |

**HAJI MUHAMMAD ISMAIL**
**Superintendent (Conduct)**
**03336463459**

**MUHAMMAD ZAHEER MIRZA**
**Controller of Examinations**
**03336452373**